## ناردرن بائی پاس پل گرنے کی اعلیٰ سطحی تحقیقات کرائی جائے اور جس ادارے کے حکام بھی
## اس کے ذمہ دار ہوں ان کے خلاف سخت کارروائی کی جائے۔الطاف حسین
## ناردرن بائی پاس پل گرنے کے نتیجے میں چار افراد کے جاں بحق اور متعدد افراد کے زخمی ہونے کے واقعہ پر اظہار افسوس

لندن۔۔۔یکم ستمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کراچی میں ناردرن بائی پاس پل گرنے کے نتیجے میں چار افراد کے جاں بحق ہونے اور متعدد افراد کے زخمی ہونے کے واقعہ پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ پل گرنے کا واقعہ انتہائی افسوسناک ہے جس پر ہر شہری کو تشویش اور بے چینی ہے۔جناب الطاف حسین نے صدر جنرل پرویز مشرف سے مطالبہ کیا کہ ناردرن بائی پاس پل گرنے کی اعلیٰ سطحی تحقیقات کرائی جائے اور جس ادارے کے حکام بھی اس کے واقعہ کے ذمہ دار ہوں ان کے خلاف سخت کارروائی کی جائے چاہے وہ کتنے ہی بڑے عہدے پر فائز کیوں نہ ہوں۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ واقعہ میں جاں بحق ہونے والے افراد کے لواحقین اور متاثرہ افراد کو معاوضہ دیا جائے۔جناب الطاف حسین نے پل گرنے کے واقعہ میں جاں بحق ہونے والے افراد کے لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کیا اور زخمیوں کی جلد صحتیابی کیلئے دعا کی۔

## ایم کیو ایم ناظم آباد گلبہار سیکٹر کے کارکن محمد عامر کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔یکم،ستمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم ناظم آباد گلبہار سیکٹر یونٹ 170 کے کارکن محمد عامر کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیو ایم ناظم آباد گلبہار سیکٹر کے کارکن محمد عامر انتقال کر گئے،رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔یکم،ستمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ ناظم آباد گلبہار سیکٹر یونٹ 170 کے کارکن محمد عامر انتقال کر گئے۔(انا للہ وانا الیہ راجعون)تفصیلات کے مطابق محمد عامر گزشتہ روز گردن توڑ بخار کے مرض میں مبتلا ہوگئے تھے جس کے باعث ان کا بلڈ پریشر ہائی ہوگیا اور وہ موقع پر ہی انتقال کر گئے۔مرحوم کی عمر 34 سال تھی اور وہ شادی شدہ تھے۔مرحوم نے پسماندگان میں بیوہ دو بیٹے اور دو بیٹیاں سوگوار چھوڑی ہیں۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم ناظم آباد گلبہار سیکٹر کے کارکن محمد عامر کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگواران سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## جامشورو زون کے کارکن نور محمد کی صاحبزادی اور پاک کالونی سیکٹر کمیٹی کے رکن وصی محمد کی والدہ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔یکم،ستمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم جامشورو زون یونٹ C-3 کے کارکن نور محمد کی صاحبزادی زیب النساء اور ایم کیو ایم پاک کالونی سیکٹر کی سیکٹر کمیٹی کے رکن وصی محمد کی والدہ محترمہ آسیہ خاتون کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔

## عبداللہ گبول گوٹھ بن قاسم ٹاؤن کی مختلف قومیتوں کے سینکڑوں نوجوانوں اور بزرگوں کی متحدہ میں شمولیت

## مظلوم قومیتوں کا اتحاد وقت کی اہم ضرورت ہے، حامد عابدی

کراچی۔۔۔یکم، ستمبر 2007ء

بن قاسم ٹاؤن کے عبداللہ گبول گوٹھ سے تعلق رکھنے والے پنجابی، پختون، سرائیکی اور دیگر قومیتوں نوجوانوں اور بزرگوں کی بہت بڑی تعداد نے 98، فیصد غریب ومتوسط طبقے کے عوام کے حقوق کی عملی جدوجہد سے متاثر ہوکر متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔ یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے تحت عبداللہ گوٹھ بن قاسم ٹاؤن میں منعقدہ ایک اجتماع میں کیا جس میں حق پرست صوبائی مشیر اطلاعات حامد عابدی، ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج سردار خان اور دیگر اراکین نے شرکت کی۔ اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی مشیر اطلاعات حامد حامدی نے کہا کہ موجودہ صورتحال میں ملک انتہائی نازک دور سے گزر رہا ہے اور اس موقع پر پاکستان کی تمام مظلوم قومیتوں کا ایک پلیٹ فارم پر متحد ہونا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا پیغام ملک بھر میں فروغ پا رہا ہے اور ملک بھر کے عوام ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم واحد جماعت ہے جو غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کی عملی خدمت کررہی ہے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کے علاوہ پاکستان میں ایسا کوئی لیڈر موجود نہیں جو غریب اور مظلوم عوام کو ان کے حقوق دلا سکے۔ حامد حامدی نے متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کرنے والے نوجوانوں اور بزرگوں کا زبردست خیر مقدم کیا اور انہیں مبارکباد پیش کی۔ قبل ازیں متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کرنے والے نوجوانوں اور بزرگوں نے اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا فکر وفلسفہ اور نظریئے میں ہی ملک وقوم کی ترقی وخوشحالی کا راز موجود ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ وہ ایم کیوایم کے فکر وفلسفہ کے فروغ کیلئے اپنا ہر ممکن کردار ادا کریں۔

## جماعت اسلامی ایک دہشت گرد اور سماج دشمن جماعت ہے، ارکان سندھ اسمبلی

## ریٹائرڈ کرنل کو اغواء کرنے کی کوشش میں ملوث نعمت اللہ کے بیٹے اور دیگر افراد کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے

## جماعت اسلامی والوں کو دوسروں کی آنکھ میں تنکا دیکھنے کے بجائے اپنی آنکھ کا شہتیر تلاش کرنا چاہیئے

کراچی۔۔۔یکم ستمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے جماعت اسلامی کے رہنماء اور سابق سٹی ناظم کراچی نعمت اللہ ایڈوکیٹ کے بیٹے ندیم اقبال کے خلاف ریٹائرڈ کرنل ضیاء کو اغواء کرنے کی کوشش کے خلاف مقدمہ کے اندراج پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ جماعت اسلامی کا ماضی اور حال دہشت گردی، قتل وغارتگری، بھتہ خوری اور اغواء کی وارداتوں سے عبارت ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی کے رہنماء دن رات گلا پھاڑ پھاڑ کر ایم کیوایم کے خلاف منفی اور جھوٹا پروپیگنڈہ کرتے رہے ہیں اور ایم کیوایم کے خلاف بے بنیاد الزامات عائد کرتے رہے ہیں لیکن انہیں اپنی جماعت، جماعتی لیڈران اور ان کی آل اولاد کے سیاہ کرتوت دکھائی نہیں دیتے۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی والوں کو دوسروں کی آنکھ میں تنکا دیکھنے کے بجائے اپنی آنکھ کا شہتیر تلاش کرنا چاہیئے۔ حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے کہا کہ جماعت اسلامی کے رہنماء نعمت اللہ ایڈوکیٹ کے بیٹے کے خلاف ریٹائرڈ کرنل کو اغواء کرنے کے الزام میں مقدمہ کا اندراج اس بات کا ثبوت ہے کہ جماعت اسلامی ایک دہشت گرد اور سماج دشمن جماعت ہے جس کا ماضی اور حال دہشت گردی، قتل وغارتگری، بھتہ خوری اور اغواء کی وارداتوں سے عبارت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان حقائق سے پوری قوم جان چکی ہے کہ کون شہریوں کو دھونس دھمکیوں اور اغواء کرنے کی کوشش کرکے ہراساں کررہا ہے اور کس نام نہاد اسلامی جماعت کا وجود ہی دراصل کراچی کے عوام کیلئے تکلیف کا باعث بنا ہوا ہے۔ حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیراعلیٰ سندھ ڈاکٹر ارباب غلام رحیم سے مطالبہ کیا کہ ریٹائرڈ کرنل کو اغواء کرنے کی کوشش میں ملوث جماعت اسلامی کے رہنماء نعمت اللہ کے بیٹے اور دیگر افراد کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے اور شہریوں کو ہراساں کرنے والے سماج دشمن عناصر اور ان کے سرپرستوں کے خلاف سخت ترین کارروائی کی جائے۔

## ایم کیوایم کے دورکنی وفد کی ڈاکٹر فاروق ستار کی سربراہی میں چوہدری شجاعت حسین سے ملاقات

## ملاقات میں چوہدری شجاعت نے وفد کو پیپلز پارٹی اور دیگر سیاسی جماعتوں کے ساتھ رابطوں کی تفصیل سے آگاہ کیا

## ایم کیوایم ملک کے وسیع تر قومی مفاد کو مقدم رکھتے ہوئے فیصلہ کرے گی، ڈاکٹر فاروق ستار

اسلام آباد۔۔۔یکم ستمبر 2007ء(اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کے وفد نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار کی سربراہی میں مسلم لیگ (ق) کے سربراہ اور سابق وزیراعظم چوہدری شجاعت کی دعوت پر ہفتہ کے روز ان کی رہائشگاہ پر ملاقات کی۔ وفد میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن وصوبائی وزیر شعیب بخاری بھی شامل تھے۔ ملاقات کے بعد ڈاکٹر فاروق ستار نے میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ 45 منٹ تک جاری رہنے والی میٹنگ میں ملک کی موجودہ سیاسی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال ہوا۔ انہوں نے کہا کہ چوہدری شجاعت حسین نے ایم کیوایم کے وفد کو حکومت کی طرف سے پیپلز پارٹی اور دیگر سیاسی جماعتوں کے ساتھ رابطوں اور بات چیت سے تفصیلات سے آگاہ کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ چوہدری شجاعت حسین نے پیپلز پارٹی کے ساتھ مجوزہ مفاہمت اور اس کے تحت مجوزہ آئینی ترمیمی پیکج پر مسلم لیگ (ق) کے تحفظات کا تفصیلی ذکر کیا اور ایم کیوایم کے وفد کو یقین دلایا کہ آئندہ بھی وہ اپنے تمام حلیفوں کو بات چیت کی پیش رفت سے آگاہ کرتے رہیں گے اور انہیں اعتماد میں لیتے ہوئے صلاح ومشورے کے ساتھ مستقبل کے فیصلے کئے جائیں گے۔ ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ ہم نے چوہدری شجاعت حسین کے اس عمل کو قدر اور احترام کی نگاہ سے دیکھتے ہوئے انہیں یقین دلایا کہ وہ حلیف جماعتوں کے باہمی تعلقات اور اتحاد کو مضبوط اور مستحکم بنانے کیلئے اپنا تعاون جاری رکھیں گے۔ نیز ایم کیوایم جو بھی فیصلہ کرے گی ملک کے وسیع تر قومی مفاد میں کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت ملک ایک انتہائی نازدور سے گزر رہا ہے میدان سیاست میں موجود تمام سیاسی قوتوں کی آزمائش اور امتحان کا وقت ہے، صرف پوائنٹ سکور کرنے اور اقتدار کے حصول کی سیاست سے ملک کو بحران سے نکالنا ممکن نہیں ہے اس کیلئے پوری قومی ذمہ داری سیاسی پختگی اور بردباری کا عملی مظاہرہ کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت ملک نہ صرف بحران کا شکار ہے بلکہ پوری دنیا میں تماشہ بھی بنا ہوا ہے۔ اس صورتحال سے ملک کو نکالنے کے بجائے اگر سیاسی جماعتیں صرف اقتدار کی سیاست میں لگی رہیں تو ملک کی تباہی اور بربادی کی ذمہ داری سب پر عائد ہوگی۔ اس موقع پر میاں نواز شریف کی وطن واپسی کے مسئلے پر ایک سوال کے جواب میں ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ نواز شریف قوم کو بتائیں کہ آج وہ جس جرات وہمت اور بہادری کی باتیں کررہے ہیں ان کی یہ جرات اور بہادری اس وقت کہاں چلی گئی تھی جب ایک دوست ملک سے ڈیل کے تحت وہ اپنے خاندان سمیت ملک وقوم خصوصاً اپنے کارکنوں کو چھوڑ کر سعودی عرب چلے گئے تھے۔ اس وقت نواز شریف نے اپنی بہادری کے جوہر یہ کہہ کر کیوں نہیں دکھائے کہ ہم دوست ملک اور اس کی پیش کش کا خیر مقدم کرتے ہیں لیکن پاکستان کی ایک جماعت کی حیثیت سے وہ غیر آئینی یا غیر قانونی طریقے سے جیل سے رہا ہونے یا نکلنے کا تصور بھی نہیں کرسکتے۔ انہوں نے کہا کہ جب نواز شریف اور ان کے بھائی نے دوست ملک کی بات مان ہی لی تھی اور اس سے دس سال کا معاہدہ کرلیا تھا تو اس معاہدے کو توڑ کر وطن واپس آنے کا اعلان کرکے کیا وہ عہد توڑنے کا عمل نہیں کررہے ہیں؟ مولانا فضل الرحمٰن اور بےنظیر بھٹو سے حکومتی مذاکرات اور ڈیل کے ایک سوال کے جواب میں ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ مولانا فضل الرحمٰن اور بےنظیر بھٹو کو ملک کی موجودہ انتہائی نازک سیاسی صورتحال کا اندازہ ہے اور ایم کیوایم ان دونوں رہنماؤں سمیت تمام سیاسی جماعتوں سے امید کرتی ہے کہ ملک کو موجودہ بحران سے نکالنے میں اہم کردار ادا کریں گے۔

## کشمیر روڈ اسپورٹس کمپلیکس میں 2 ستمبر اتوار کو الطاف حسین کوگریجویٹ فورم کے اجتماع سے خطاب کریں گے

کراچی۔۔۔یکم، ستمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین 2 ستمبر اتوار کی شام ساڑھے 7 بجے کشمیر روڈ اسپورٹس کمپلیکس میں گریجویٹ فورم کے اجتماع سے خطاب کریں گے۔ اجتماع کے سلسلے میں گریجویٹ فورم کی جانب سے انتظامات کو حتمی شکل دیدی گئی ہے اور شرکاء کو دعوت نامے ارسال کردیئے گئے ہیں

☆☆☆☆☆